**28.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................کلیم احمد

**Music**

-----------------------------

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے پولیس فورسز سے اپیل کی ہے کہ وہ شہریوں پر زیادہ توجہ دیں اور حساس طبقوں کے تئیں زیادہ حساس رویہ اختیار کریں۔

☆ تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے CBSE بارہویں کلاس کے امتحان میں جانچ کے عمل اور OSM نظام میں خامیوں سے متعلق طلباء کی تمام شکایات کو حل کرنے کا یقین دلایا ہے۔

☆ کرناٹک کے وزیرِ اعلیٰ سدّا رمیّا نے استعفے کا اعلان کیا ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ ڈی کے شیو کمار اُن کی جگہ لیں گے۔

☆ امریکہ اور ایران کے درمیان غیر مستحکم جنگ بندی کشیدگی کا شکار ہے کیونکہ دونوں ہی ملکوں نے اسٹریٹیجک طور پر اہم آبنائے ہرمز کے نزدیک ایک دوسرے پر پھر سے حملے کرنے شروع کردیئے ہیں۔

☆ آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ قربانی کا تہوار عیدالاضحیٰ منایا جارہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ، نائب صدر اور وزیرِ اعظم نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، پی وی سندھو اور لکشیہ سین، سنگاپور اوپن کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

-----------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Prez Sikkim Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج گنگٹوک کے Paljor اسٹیڈیم میں منعقدہ Alankaran Parade کے موقع پر سکم پولیس کو باوقار President's Police Colour سے نوازا۔ اس کے ساتھ ہی سکم، اس اعزاز سے سرفراز ہونے والی ملک کی 15ویں ریاست اور شمال مشرق کی تیسری ریاست بن گئی ہے۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے پولیس فورس پر زور دیا کہ وہ شہریوں کو زیادہ اہمیت دیں، نیز عوام اور خاص طور پر خواتین، غریب افراد اور بچوں کے معاملوں میں حساسیت کا مظاہرہ کریں۔

**S/B: President People Centric**

انہوں نے جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے سائبر جرائم، آن لائن دھوکہ دہی اور DeepFake سے متعلق خطرات سے نمٹنے کی غرض سے تیار رہنے کی ضرورت پر زور دیا۔

صدرجمہوریہ نے امن وقانون برقرار رکھنے اور قدرتی آفات سے نمٹنے میں سکم پولیس کے کردار کی ستائش کی۔ President's Police Colour، غیرمعمولی خدمات، نظم وضبط اورملک کیلئے خود کو وقف کردینے کے اعتراف میں پولیس فورس کو عطا کیا

جانے والا اعلیٰ ترین رسمی اعزاز ہے۔

اس دوران سکم کو باضابطہ طور پر ایک مکمل خواندہ ریاست قرار دے دیا گیا ہے۔ یہ اعلان کل صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کی موجودگی میں گینگٹوک میں سکم یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیم اسناد کے دوران کیا گیا۔×

**PM Pragati**

وزیر اعظم نریندر مودی نے سووچھ بھارت مشن 2.0 کی موثر عمل آوری کی ضرورت پر زور دیا اور کہا ہے کہ مشن کا مقصد بنیادی ڈھانچے کی تشکیل سے کہیں آگے کی طرف بڑھنا ہے اور اصل مقصد مسلسل نگرانی، شہریوں کی شراکت داری اور مختلف فریقین کے درمیان تال میل کے ذریعے ٹھوس نتائج کو یقینی بنانا ہے۔ نئی دلّی میں 51 ویں پرگتی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے، جناب مودی نے ریاستوں سے کہا کہ وہ فضلے کو قابل استعمال بنانے کے پلانٹس اور گوبر دھن پلانٹوں سمیت ٹھوس فضلے کے بندوبست سے متعلق بنیادی ڈھانچے کی تکمیل کے کام میں تیزی لائیں۔

میٹنگ کے دوران، وزیر اعظم نے 9 ریاستوں کیلئے 30 ہزار کروڑ روپے مالیت کے ریلویز، بجلی اور سڑک کے شعبوں سے متعلق اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Anupam 1 Min 19 Sec**

*توانائی کے شعبے کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر اعظم نے شہروں، رہائشی علاقوں اور سرکاری اداروں پر خصوصی توجہ کے ساتھ، خاص طور پر شہری علاقوں میں چھتوں پر شمسی پینلز کی تنصیب کاری کے کام میں تیزی لانے کی ضرورت پر زور دیا۔*

*انہوں نے خصوصی طور پر کہا کہ بجلی کی قیمت میں کمی لانے، بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے، گھروں اور کمیونٹی کی سطح پر ماحول کیلئے سازگار توانائی کو فروغ دینے کیلئے* **Rooftop** *شمسی پینلز کی تنصیب کاری کے کام کو مشن کی طرز پر کیا جانا چاہیے۔ سڑک اور بندرگاہوں کی کنیکٹیوِٹی کے پروجیکٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے اس بات پر زور دیا گیا کہ* **Vadhavan** *بندرگاہ کو* **Port** *پر مبنی، کثیر ماڈل ترقیاتی طور پر تعمیر کیا جانا چاہیے، جہاں ہر طرح کے ٹرانسپورٹ کو بلا رکاوٹ لاجسٹک ایکو نظام کے ساتھ مربوط کیا جا سکے۔*

*وزیر اعظم نے دریا کو باہمی طور پر جوڑنے کے پروجیکٹ* **Ken Betwa** *کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ یہ پروجیکٹ دیگر ریاستوں کیلئے ایک ماڈل کے طور پر تعمیر کیا جانا چاہیے، جن پر بین ریاستی پانی سے متعلق معاملات کو باہمی تعاون، بروقت منظوری، ٹکنالوجی پر مبنی نگرانی کے نظام کے ذریعے مشن کی طرز پر عمل آوری کی جانی چاہیے۔*

*دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک*

**Pradhan CBSE**

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج طلباء کو یقین دہانی کرائی کہ ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE کی جانب سے نئے متعارف کرایا گیا 'آن اسکرین مارکنگ OSM نظام' ایک ترقی پسند وسیلہ ہے، جس کا مقصد زیادہ شفافیت کو یقینی بنانا ہے۔ جناب پردھان آج نئی دِلی میں CBSE عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے بعد، میڈیا کے افراد سے گفتگو کررہے تھے۔

OSM نظام میں خامیوں اور CBSE کے بارہویں جماعت کے امتحان کیلئے ازسرنو جانچ کے پورٹل میں تکنیکی خرابیوں سے متعلق تشویش کے سلسلے میں، وزیرموصوف نے اس بات کا اعتراف کیا کہ بعض مسائل پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے طلباء کو یقین دلایا کہ ازسرنو جانچ کے جاری عمل کے دوران سبھی شکایتوں کا ازالہ کردیا جائے گا۔

جناب پردھان نے کہا کہ عہدیدار اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ سبھی طلباء کے مسائل کو حل ضرور کیا جائے اور سبھی سطحوں پر جواب دہی کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت میں بہت سی یونیورسٹیوں اور اداروں کے ساتھ ساتھ دنیا بھر کے بہت سے ادارے OSM نظام اپنا رہے ہیں۔

**S/B: Pardhan**

## New Karnataka CM

کرناٹک کے وزیرِ اعلیٰ سدّا رمیاّ آج سہ پہر گورنر کو اپنا استعفیٰ پیش کردیں گے۔ کرناٹک کے پارلیمانی امور کے وزیر اچ کے پاٹل نے سدّا رمیاّ کی جانب سے طلب کی گئی Breakfast میٹنگ سے روانہ ہوتے ہوئے، اس بارے میں مطلع کیا۔ انہوں نے کہا کہ سدّا رمیاّ کو کانگریس ہائی کمان کی طرف سے بتایا گیا ہے کہ وہ مستعفی ہوجائیں اور وہ باقاعدہ لوک بھون میں اپنا استعفیٰ پیش کردیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ڈی کے شیو کمار وزیرِ اعلیٰ کی حیثیت سے عہدہ سنبھالیں گے۔ وزیرِ اعلیٰ کا عہدہ چھوڑنے والے سدّا رمیاّ نے بنگلورو میں آج اپنی رہائش گاہ پر ایک Breakfast میٹنگ کیلئے کابینہ کے اپنے ساتھیوں کو مدعو کیا تھا۔ نائب وزیرِ اعلیٰ ڈی کے شیو کمار اس میٹنگ میں موجود تھے، جو سدّا رمیاّ کی جگہ وزیرِ اعلیٰ کا عہدہ سنبھالیں گے۔

وزیرِ اعلیٰ کے دفتر نے بتایا کہ جناب سدّاؔ رمیاّ آج سہ پہر ڈھائی بجے لوک بھون جائیں گے اور سہ پہر تین بجے میڈیا کے افراد سے خطاب کریں گے۔ گورنر کی عدم موجودگی میں استعفیٰ سکریٹری کو سونپ دیا جائے گا۔x

## US - Iran Attack

امریکہ اور ایران کے درمیان غیرمستحکم جنگ بندی کو اُس وقت سب سے بڑا جھٹکا لگا، جب دونوں ملکوں نے آبنائے ہرمز کے نزدیک ایک دوسرے پر براہ راست فوجی حملے کئے، جو اسٹریٹیجک کے طور پر کافی اہمیت کا حامل ہے۔ آج صبح سویرے امریکی فوج نے ایران کے چار ڈرونز کو ناکارہ بنادیا، جو اُس کے مطابق، آبنائے ہرمز کے نزدیک امریکی فوج اور اس کے تجارتی جہازوں کیلئے خطرہ بنے ہوئے تھے۔ ایران پانچویں ڈرون داغنے کی بھی تیاری کررہا تھا۔ امریکی سینٹر کمان نے اپنی کارروائی کو قطعی طور پر دفاعی بتایا اور جنگ بندی برقرار رکھنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے بندر عباس کے نزدیک امریکی حملوں کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ اس نے امریکی فوجی اڈے کو نشانہ بناکر جوابی کارروائی کی ہے۔

حالانکہ پاسدارانِ انقلاب نے، جس اڈے کو نشانہ بنایا، اُس کی نشاندہی نہیں کی ہے۔ دونوں ملکوں کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف فوجی کارروائی سے سفارتی کوششوں کو جھٹکا لگا ہے، جو واشنگٹن اور تہران کے درمیان اب بھی جاری ہیں۔ چار دن پہلے ہی امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ دونوں ملک موجودہ جنگ بندی کو 60 دن تک بڑھانے سے متعلق معاہدے کو حتمی شکل دینے کے قریب پہنچ گئے تھے۔ البتہ وہائٹ ہاؤس نے سمجھوتے کے ایک مسودے سے متعلق ایرانی سرکاری میڈیا کے دعوے کو مسترد کردیا ہے اور اسے پوری طرح غلط بتایا ہے، جس سے بات چیت کے امکانات کم ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Vinod Kumar**

*آبنائے ہرمز کے نزدیک امریکہ - ایران جنگ بندی، براہ راست فوجی محاذ آرائی میں تبدیل ہو*

گئی ہے، جو پہلے ہی کشیدگی کا شکار تھی۔ امریکی سینٹر کمان نے اطلاع دی ہے کہ امریکی فوجوں نے ایران کے چار ڈرونز کو مار گرایا، جو تجارتی جہاز کو نشانہ بنا رہے تھے اور اس کے بعد بندر عباس میں میزائل لانچ کرنے والی ایک سائٹ کو تباہ کردیا گیا۔ ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے امریکہ کے ایک فوجی اڈے پر حملے کرکے جوابی کارروائی کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ کویت کے فضائی دفاعی نظام کو بھی فعال کر دیا گیا ہے، جو دشمن کے میزائل کو روک رہا ہے۔ اسی دوران یہ بحران کنٹرول سے باہر ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔

اسرائیلی فوج نے اپریل میں ہوئی علیحدہ جنگ بندی کے بعد سے لبنان میں لوگوں سے نکل جانے کے سلسلے میں اپنا سب سے بڑا حکم جاری کیا ہے۔

جنوبی Zahrani دریا میں تمام شہریوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اسرائیلی سرحد سے تقریباً 40 کلومیٹر دور نکل کر فوراً شمال کی طرف چلے جائیں۔ اسرائیل کی فوج نے اس پورے زون کو ایک جنگی علاقہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ حزب اللہ کے خلاف انتہائی قوت کے ساتھ کارروائی کرے گا۔

دوبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حسین اختر

## India China Meeting

بھارت اور چین نے سرحدی علاقوں میں صورتحال کا جائزہ لیا اور امن برقرار رکھنے کی غرض سے کی گئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں ملکوں نے کل بیجنگ میں بھارت-چین سرحدی امور سے متعلق مشاورت اور تال میل کیلئے ورکنگ نظام کی 35ویں میٹنگ کے دوران صورتحال کا جائزہ لیا۔

بھارتی وفد کی قیادت مشرقی ایشیائی ملکوں کے امور کے شعبے کے جوائنٹ سکریٹری Sujit گھوش نے کی، جبکہ چین کی وزارتِ خارجہ کے Boundary and OCEANIC امور کے محکمے کی ڈائریکٹر جنرل Hou-Yanqi اپنے ملک کے وفد کی قیادت کررہے تھے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ یہ مذاکرات تعمیری اور مفید رہے۔ طرفین نے حد بندی، سرحدی بندوبست، طریقِ عمل کی ترتیب اور سرحد کے دونوں جانب اشتراک سے متعلق امور پر تبادلۂ خیال کیا۔

وزارت نے بتایا کہ بھارتی وفد نے سرحد کے آر پار بہنے والے دریاؤں سے متعلق ماہرین کی سطح کے نظام کے بارے میں جلد میٹنگ بلانے پر زور دیا۔ میٹنگ کے دوران طرفین نے سفارتی اور فوجی سطحوں پر باضابطہ تبادلے اور روابط برقرار رکھنے سے بھی اتفاق کیا۔×

## Pak Violence

پاکستان میں بلوچستان کے Hernal ضلع کے Shahrag علاقے میں نامعلوم مسلح حملہ آوروں نے مقامی لوگوں کے ایک گروپ پر اندھادھند فائرنگ کرکے پانچ افراد کو ہلاک اور تین کو زخمی کردیا۔ مسلح حملہ آوروں نے شیخ موسیٰ بابا چوک پر ایک چوکی قائم کرلی تھی اور وہ راہ گیروں کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈس کی چیکنگ کرتے تھے۔

پولیس نے بتایا جب کچھ مقامی لوگوں نے چیکنگ کرانے سے انکار کیا اور مزاحمت کی تو انہوں نے اندھادھند فائرنگ شروع کردی، بھیڑ پر مسلح افراد کی فائرنگ سے چار مقامی افراد نے وہیں دم توڑ دیا، جبکہ ایک بری طرح زخمی شخص زخموں کی تاب نا لاکر چل بسا، جسے علاج کیلئے کوئٹہ لے جایا جارہا تھا۔×

## Eid ul Azha

ایثار اور قربانی کا تہوار عید الاضحیٰ یا بقرعید، آج ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ عقیدتمند عیدگاہوں اور اہم مساجد میں عید کی نماز آج صبح ادا کی۔ بعد میں لوگوں نے ایک دوسرے سے گلے مل کر عید کی مبارکباد دی۔ قومی راجدھانی دلّی میں عید کی خصوصی نماز جامع مسجد، فتح پوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں ادا کی گئی۔ عید الاضحیٰ، حضرت ابراہیم کی اُس عظیم قربانی کی یاد میں منائی جاتی ہے، جب وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں اپنے اکلوتے بیٹے کو قربان کرنے کیلئے تیار ہوگئے تھے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر ملک کے لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اترپردیش میں انتظامیہ نے آج بقرعید کے تہوار کے موقع پر خصوصی انتظامات کئے ہیں اور اِس تہوار کیلئے احتیاطی اقدامات کئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Sushil Chandra Tiwari**

*بقرعید کی نماز ادا کرنے کیلئے لوگ نزدیک کی مساجد میں جمع ہوئے۔ نماز کے بعد قربانی کی رسم ادا کی جارہی ہے۔ ریاستی سرکار کی طرف سے سبھی ضلع پولیس سربراہان کو ایک ایڈوائزری پہلے ہی جاری کردی گئی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی نئی روایت شروع نہ ہو اور ممنوعہ جانور کی قربانی نہ کی جائے۔ DGP راجیو کرشنا کی ہدایات کے بعد پولیس نے حساس علاقوں میں فلیگ مارچ کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ یہ تہوار پُرامن طریقے سے منایا جاسکے۔ پولیس کانپور، مراد آباد، سنبھل، رام پور، میرٹھ اور مؤ جیسے حساس علاقوں میں غیرمعمولی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہے۔*

*لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں حسین اختر*

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، راجستھان رائلس فائنل میں پہنچنے کیلئے دوسرے کوالیفائرس میں گجرات ٹائٹنس کا سامنا کرے گی۔ یہ میچ کل نیو چنڈی گڑھ میں کھیلا جائے گا۔

راجستھان رائلس کل رات اسی میدان پر کھیلے گئے Eliminator میچ میں سن رائزرس حیدرآباد کو 47 رن سے ہراکر دوسرے کوالیفائرس میں پہنچی تھی۔

اِس میچ کی فاتح ٹیم، اتوار کو احمد آباد میں خطابی مقابلے میں رائل چیلنجرس بنگلورو کا سامنا کرے گی۔×

## Bandinton Singapore Open

بھارت نے آج سنگاپور اوپن میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ لکشیہ سین، پی-وی-سندھو، چراغ شیٹی اور سَتوِک سائی راج رنکی ریڈی کی مردوں کی جوڑی اور دھروکپیلا اور Tanisha-Crasto کی مکسڈ جوڑی بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے کوارٹر فائنلس میں پہنچ گئی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆